سوال

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے انتقال کا سبب کیا ہے

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا انتقال 22 جمادی ثانیہ 13 ہجری کو ہوا۔

ان کی وفات کے سبب کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ انہیں یہودیوں نے زہر دے دیا تھا جس کے ایک سال بعد وہ فوت ہوگئے۔

بعض کہتے ہیں کہ انہوں نے سخت سردی کے دنوں میں غسل کرلیا تھا جس کی وجہ سے انہیں بخار ہوگیا، اسی بخار میں ہی ان کا انتقال ہوگیا۔ یہ سبب زیادہ درست معلوم ہوتا ہے۔

(دیکھیں : أبو بکر الصدیق أول الخلفاء الراشدین از الشیخ خلیل شیحا، صفحہ نمبر 91)

والله أعلم بالصواب